بسم اللہ الرحمن الرحیم

کعبہ کے بدرالدجیٰ، تم پہ کروڑوں درود

(اعلیحضرت امام احمد رضا خاں رضا صاحبؒ کی ۱۶۰ اشعار پر مشتمل طویل حروفیہ نعت کی مکمل تضمین سے حروف الف اور ے کے ۸ منتخب بند)

نجمِ ہُدیٰ، رہنما، تم پہ کروڑوں درُود　　لائقِ صلِّ علیٰ، تم پہ کروڑوں درُود
''کعبہ کے بدرالدجیٰ تم پہ کروڑوں درُود　　حسنِ عطا، مرحبا! تم پہ کروڑوں درُود
طیبہ کے شمس الضحیٰ، تم پہ کروڑوں درُود''

شانِ کرم مُنتہا، تم پہ کروڑوں درُود　　جانِ رمِ ابتدا، تم پہ کروڑوں درُود
'' شافعِ روزِ جزا تم پہ کروڑوں درُود　　اے شہِ جود و سخا، تم پہ کروڑوں درُود
دافعِ جملہ بلا، تم پہ کروڑوں درُود''

تم کہ ہو خیر الورا، تم پہ کروڑوں درُود　　نورِ ازل، مہ لِقا، تم پہ کروڑوں درُود
''جان و دلِ اصفیا، تم پہ کروڑوں درُود　　جان یہ تم پر فدا، تم پہ کروڑوں درُود
آب و گِلِ انبیا، تم پہ کروڑوں درُود''

جس کی مہک تا ابد، سلسلہ در سلسلہ　　پھول حسیں نور کا شاخِ ازل پر کِھلا
'' لائیں تو یہ دُوسرا، دوسَرا جس کو ملا　　حسن کا ہر آئنہ پاتا ہے جس سے جلا
کوشکِ عرش و دنیٰ، تم پہ کروڑوں درُود''

اے مِرے ماہِ تمام! تم سے ہوئی روشنی　　　ورنہ تو یہ زندگی کیا تھی، فقط تیرگی

”ہم نے خطا میں نہ کی، تم نے عطا میں نہ کی　　　کون تھا تم سا سخی، کون ہے تم سا سخی

کوئی کمی سرورا تم پہ کروڑوں درُود“

دل کو تعلق ہے بس سیّدِ ابرارؐ سے　　　ہم کو غرض زر سے ہے اور نہ ہے زردار سے

”کام غضب کے کئے اس پہ ہے سرکار سے　　　ایک امیدِ کرم مولا کے دلدار سے

بندوں کو چشمِ رضا تم پہ کروڑوں درُود“

باغِ عمل کو مِرے بادِ صبا دیجئے　　　شیریں سی مسکان کے پھول کھلا دیجئے

”آنکھ عطا کیجئے اس میں ضیا دیجئے　　　بات جو بگڑی ہے تو بات بنا دیجئے

جلوہ قریب آ گیا تم پہ کروڑوں درُود“

خواہشیں دل میں ہیں کیا کس طرح منہ سے کہے　　　جان فدا یہ کرے دینِ مبیں کے لئے

”کام وہ لے لیجئے تم کو جو راضی کرے　　　حامدؔ خستہ پہ بھی چشمِ کرم کیجئے

ٹھیک ہو نامِ رضاؔ تم پہ کروڑوں درُود“

سیّد حامدؔ یزدانی

۲۷۔ رمضان المبارک ۱۴۳۲ھ

ٹورانٹو